SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر II مجریہ ۱۹۷۰
SINDH ORDINANCE NO. II OF 1970
مغربی پاکستان کا غیر منقولہ جائیداد کی طلبی (عارضی اختیارات) (سندھ ترمیمی) ایکٹ، ۱۹۷۰
THE WEST PAKISTAN REQUISITIONING OF IMMOVEABLE PROPERTY (TEMPORARY POWERS) (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1970

فہرست (Contents)

تمہید
Preamble
۱۔ مختصر عنوان
Short title
۲۔ مغربی پاکستان ایکٹ VII مجریہ ۱۹۵۶ کی دفعہ ۳ میں ترمیم
Amendment of section 3 of West Pakistan Act, VII of 1956

سندھ آرڈیننس نمبر II مجریہ ۱۹۷۰
SINDH ORDINANCE NO. II OF 1970
مغربی پاکستان کا غیر منقولہ جائیداد کی طلبی (عارضی اختیارات) (سندھ ترمیمی) ایکٹ، ۱۹۷۰

THE WEST PAKISTAN REQUISITIONING OF IMMOVEABLE PROPERTY (TEMPORARY POWERS) (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1970

[۶ اگست ، ۱۹۷۰]

اس آرڈیننس کے توسط سے مغربی پاکستان غیر منقولہ جائیداد کی طلبی (عارضی اختیارات) ایکٹ، ۱۹۵۶ میں ترمیم مقصود ہے۔

تمہید
Preamble

جیسا کہ مغربی پاکستان غیر منقولہ جائیداد (Immoveable Property) کی طلبی (عارضی اختیار) ایکٹ، ۱۹۵۶ کو سندھ صوبے میں مندرجہ ذیل ترمیم کرنا ضروری ہوگیا ہے:

اب اس لیئے ۲۵ مارچ ۱۹۶۹ کے مارشل لا کے اعلان کے عمل کی روشنی میں اس کو عبوری آئینی حکم (PCO) کے ساتھ پڑھا جائے گا، اور اس سلسلے میں تمام حاصل اختیارات کےتحت سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس نافذ (Promulgate) کرنا فرمایا ہے:-

مختصر عنوان
Short title

۱۔ یہ آرڈیننس مغربی پاکستان غیر منقولہ جائیداد کی طلبی (عارضی اختیار) (سندھ ترمیمی) آرڈیننس، ۱۹۷۰ کہا جائیگا۔

مغربی پاکستان ایکٹ VII مجریہ ۱۹۵۶ کی دفعہ ۳ میں ترمیم
Amendment of section 3 of West Pakistan Act, VII of 1956

۲۔ مغربی پاکستان کے غیر منقولہ جائیداد کی طلبی (Immoveable Property Requisitioning) (عارضی اختیارات) ایکٹ ۱۹۵۶، صوبہ سندھ میں نافذ کرنے کے لیئے دفعہ ۳ میں:-

(i) ذیلی دفعہ (Sub-Section) (1) میں لفظ ”مالک کو تجویز کردہ عمل کے خلاف اپنا موقف بیان کرنے اور پیش کرنے کا موقعہ دینے کے ماسوائے “ حذف کیئے جائینگے اور یہ باور کرایاجائیگا کہ وہ لفظ پہلی

جولائی ۱۹۷۰ سے حذف کیئے گئے ہیں؛ اور
(ii) ذیلی دفعہ (Sub-Section) (۲) کے بعد مندرجہ ذیل دفعات (Sub-Sections) شامل کی جائیگی:-
"(2-a) کوئی بھی شخص ذیلی دفعہ (Sub-Section) (1) کے تحت دیئے گئے احکامات سے متاثر ہو کہ وہ عمارت کی طلبی کے لیئے حکم جاری کرنے والے حکم پر نظرثانی (Review) کے لیئے درخواست دے سکتا ہے اور ایسی درخواست ملنے کے بعد یہ اختیاری، درخواستگذار کو سننے اور درخواست سے منسلک ثبوت پیش کرنے کا موقعہ دینگے، تاکہ حکم کی تصدیق، نظرثانی یا منسوخ کیا جا سکے۔"
(2-b) نظرثانی کی درخواست ذیلی دفعہ (Sub-Section (2-a) کے تحت دی جائیگی:
(i) پہلی جولائی ۱۹۷۰ پر یا اس کے بعد کوئی حکم جاری ہونے کی صورت میں، ۶ اگست ۱۹۷۰ سے پہلے، ۲۳ اگست ۱۹۷۰ کے بعد جاری نہیں ہوئی ہو؛ اور
(ii) اس صورت میں کہ جب ۶ اگست ۱۹۷۰ پر یا اس کے بعد جاری کردہ حکم کی ۱۴ دن کے اندر درخواست دی جائیگی۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔